حصہ "الف" (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل سوالات کے درست جوابات کا انتخاب کیجئے۔

۱۔ پاکستان کی آخری مرتبہ مردم شماری .... سن میں کی گئی۔
(1998ء 1996ء 1995ء 1999ء)

۲۔ پاکستان کی اسٹیل مل .... سن میں قائم کی گئی۔
(1970ء 1973ء 1974ء 1977ء)

۳۔ انسانی جسم کے کل وزن کا .... فیصد پانی ہے۔
(50 60 70 40)

۴۔ پاکستان .... ماحولیاتی حصوں میں تقسیم ہے۔
(چار چھ تین پانچ)

۵۔ جب پاکستان آزاد ہوا تو اس کو فوری طور پر .... کی ضرورت ہوئی۔
(اسلحہ آئین دولت صنعت)

۶۔ شاہ ولی اللہ کا .... سن میں انتقال ہوا۔
(1762ء 1765ء 1800 1809ء)

۷۔ پاکستان نے آزادی کا دن 14 اگست 1947ء کو منتخب کیا۔
(سبقت حاصل کرنے کیلئے۔ 27 رمضان المبارک کی وجہ سے۔ ہندوؤں سے نفرت کی وجہ سے۔ ان میں سے کوئی نہیں)

۸۔ نظریے کے .... بنیادی ارکان ہیں۔
(9 6 7 4)

۹۔ اسلام کا مستقبل .... بنیاد ہے۔
(توریت زبور قرآن شریف انجیل)

۱۰۔ آئیڈیولوجی لفظ کی معنی .... ہے۔
(نظریہ مطالعہ تحقیق عمل)

۱۱۔ اسلام میں اقتدار اعلیٰ کا مالک .... ہے۔
(پارلیمنٹ اللہ تعالیٰ حکومت عدالت)

۱۲۔ پاکستان میں پہلی تعلیمی کانفرنس .... سن میں ہوئی۔
(1947ء 1948ء 1956ء ان میں سے کوئی نہیں)

۱۳۔ پاکستان میں .... زبانیں بولی جاتی ہیں۔
(15 10 4 ان میں سے کوئی نہیں)

۱۴۔ عیدالفطر .... مہینے میں منائی جاتی ہے۔
(شوال ذوالقعد ربیع الاول رمضان المبارک)

۱۵۔ پاکستان کی اکثریتی آبادی .... علاقوں میں رہتی ہے۔
(شہری دیہی پہاڑی ریگستانی)

حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ، مندرجہ ذیل سوالات میں سے 9 سوالات کے مختصر جواب دیں۔

سوال ۲۔ نظریے کے ماخذ کیا ہوتے ہیں؟
سوال ۳۔ مشرقی پاکستان، مغربی پاکستان سے کیوں علیحدہ ہوا؟
سوال ۴۔ آب ہوا سے کیا مراد ہے؟
سوال ۵۔ ماحولیاتی آلودگی سے کیا مراد ہے؟
سوال ۶۔ پاکستان کے ہمسایہ ممالک کے نام بتایئے۔
سوال ۷۔ جنگلات کے کیا فائدے ہیں؟
سوال ۸۔ صنعت سے کیا مراد ہے؟
سوال ۹۔ کراچی سے پشاور تک قومی شاہراہ پر کون سے مشہور شہر واقع ہیں؟
سوال ۱۰۔ پاکستان کے مشہور تہواروں کو بیان کریں۔
سوال ۱۱۔ ملکی ترقی میں تعلیم کی اہمیت پر مختصر نوٹ لکھیں۔
سوال ۱۲۔ فلاحی ریاست سے کیا مراد ہے؟
سوال ۱۳۔ ساری دنیا میں امن کیوں ضروری ہے؟

حصہ "ج" (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی تین سوالات کے تفصیلی جواب لکھیں۔

سوال ۱۴۔ ملک میں خوشحالی لانے کے لئے پاکستانیوں کو کیا کردار ادا کرنا چاہیے؟
سوال ۱۵۔ پاکستان کے زرعی وسائل کون سے ہیں؟ تفصیل سے بیان کریں۔
سوال ۱۶۔ قومی ترقی میں صنعت کی کیا اہمیت ہے؟
سوال ۱۷۔ افزائش آبادی کے صحت اور تعلیم پر کیا اثرات پڑتے ہیں؟
سوال ۱۸: مندرجہ ذیل میں کسی بھی ایک پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔
(i) پاکستان میں اساتذہ کی تربیت 1973ء کا آئین عالمی بھائی چارہ اور امن